نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید کی زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے زیرِ اہتمام میلہ جشن بہاراں میں شرکت

سیکرٹری زراعت پنجاب سے کیلیفورنیا سے تعلق رکھنے والے 12 رُکنی غیر ملکی مندوبین کی ملاقات

گندم، کپاس اور سویابین کی موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت رکھنے والی اقسام کی دریافت کے لئے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کی جاری تحقیقاتی سرگرمیاں قابلِ قدر ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید

لاہور:03 مارچ 2023 (   ) گندم، کپاس اور سویابین کی موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت رکھنے والی اقسام کی دریافت کا عمل جاری ہے اور اس سلسلہ میں زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ریسرچرز کی سینٹر آف ایڈوانسڈ اسٹڈیز کے تحت یوایس ایڈ کے باہمی تعاون سے پیش رفت جاری رکھے ہوئے ہے۔فصلوں کی نئی اقسام کی دریافت سے نہ صرف ہماری زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا بلکہ کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی آئے گی۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے زیر اہتمام میلہ جشن بہاراں میں شرکت کے موقع پر کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید سے کیلیفورنیا سے تعلق رکھنے والے 12 رُکنی غیر ملکی مندوبین نے ملاقات کی جن کی قیادت کرس ہولڈن اور آصف محمود نے کی۔اس کے علاوہ سیکرٹری زراعت پنجاب سے کیتھلین گیسبلیسگو، یونیورسٹی آف کیلیفورنیا سے ڈاکٹر نینسی ایلن نے بھی ملاقات کی۔اس موقع پر وائس چانسلر جامعہ زرعیہ فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خان نے غیر ملکی مندوبین کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد تمام تعلیمی اداروں میں اپنی تحقیقی معیار کیلئے ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔زرعی یونیورسٹی فیصل آباد نے 2008 سے اب تک بین الاقوامی 184 جبکہ قومی سطح پر 164 ایم او یوز پر دستخط کئے ہیں اور جامعہ ہذا کے ریسرچرز فصلوں کی نئی اقسام کی دریافت کا عمل ترجیحی بنیادوں پر جاری رکھے ہوئے ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید نے جشنِ بہاراں کے انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسی غیر نصابی اور صحتمندانہ سرگرمیاں نہ صرف طلبا و طالبات پر اچھا اثر ڈالتی ہیں بلکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو باہمی خیالات کی شیئرنگ کے لئے بھی ایک پلیٹ فارم میسر آتا ہے۔اس فیسٹول کے ذریعے کاشتکاروں، اکیڈمیا اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو زرعی شعبہ کو درپیش مسائل کے حل کے لئے مل بیٹھنے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے۔اس کے علاوہ طلبا و طالبات کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع بھی ملتا ہے تقریب کے اختتام پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے غیر ملکی وفود کے درمیان یادگاری شیلڈز تقسیم کیں۔اس موقع پر ترقی پسند کاشتکار سید فخر امام، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر آصف علی، چولستان ویٹرنری یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر سجاد خان، نیسلے کمپنی کے سی ای او یاور علی و دیگر مندوبین بھی موجود تھے۔زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں جاری میلہ جشن بہاراں کا اختتام 8 مارچ کو ہوگا

☆☆☆☆